انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ ، راولپنڈی

www.biserwp.edu.pk
Ph.# 051/5450913
Fax.# 051/5450915

عنوان: ری ٹینڈر بابت (پارکنگ) ٹھیکہ کار، موٹر سائیکل اور سائیکل

دفتر ہذا اپنے بورڈ کیمپس واقع مورگاہ، راولپنڈی میں کار، موٹر سائیکل اور سائیکل کیلئے تیار کردہ جگہ بابت پارکنگ ٹھیکہ پر دینے کا خواہش مند ہے۔ دلچسپی رکھنے والے پی۔ایس۔ٹی، انکم ٹیکس و پروفیشنل ٹریڈ ٹیکس رجسٹرڈ اچھی شہرت کے حامل ٹھیکیداران / فرم پارکنگ ٹھیکہ پر حاصل کرنے کیلئے سر بمہر ٹینڈر بنام سیکرٹری بورڈ، راولپنڈی مورخہ 15-04-23 کو دن 11:00 بجے تک بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک / ارجنٹ میل سروس مطلوب ہیں جو کہ اُسی روز بوقت 11:30 بجے دِن بورڈ ہذا کے دفتر واقع مورگاہ، راولپنڈی ٹینڈر دہندگان یا اُن کے مجاز نمائندوں کی موجودگی میں زیرِ دستخطی کے دفتر میں کھولے جائیں گے۔ ٹینڈر برائے پارکنگ ٹھیکہ، ٹینڈر کے لفافے کے اُوپر دائیں جانب تحریر کرنا ہوگا۔ دستی طور پر کوئی بھی ٹینڈر قابلِ قبول نہ ہوگا۔ ٹینڈر کی کل مالیت کا تخمینہ مبلغ -/5,50,000 (پانچ لاکھ پچاس ہزار روپے) ہے۔

شرائط

۱۔ ٹینڈر کے ساتھ کل مالیت کا 5% مبلغ -/27,500 روپے (ستائیس ہزار پانچ سو روپے) کال ڈیپازٹ / CDR منسلک کرنا ہوگی۔

۲۔ پارکنگ ٹھیکہ پر حاصل کرنے کے لئے مبلغ -/100,000 روپے (ایک لاکھ روپے) سیکیورٹی جمع کروانا ہوگی۔ جو کہ معاہدہ کے اختتام پر فرم کی درخواست پر حسب قواعد واپس کی جائے گی۔

۳۔ بولی / ٹھیکہ کی کم از کم حد مبلغ -/5,50,000 (پانچ لاکھ پچاس ہزار روپے) ہوگی اور زائد پیشکش دہندہ فرم کو کامیاب قرار دیا جائے گا۔

۴۔ کامیاب ٹھیکہ دار / فرم اپنی فنانشل بڈ کا 50% موقع پر جمع کروانے کا پابند ہوگا جبکہ بقیہ 50% رقم ایک سال کے لئے بطور بنک گارنٹی جمع کروائے گا جو کہ ٹھیکہ جاری ہونے کے پانچ ماہ کے بعد ٹھیکہ کی رقم جمع کروانے کی صورت میں فرم کے نام واپس جاری کی جائے گی تاہم پانچ ماہ کے بعد عدم ادائیگی کی صورت میں بورڈ ہذا بنک گارنٹی کیش کروانے کا مجاز ہوگا۔

۵۔ گورنمنٹ کی طرف سے تمام لاگو ٹیکسیز کامیاب بولی دہندہ / فرم کے ذمہ ہونگے۔

۶۔ ٹینڈر ڈاکومنٹ (شرائط) مبلغ -/5,000 روپے (ناقابلِ واپسی) ٹینڈر کی اشاعت کے فوری بعد اسٹیٹ برانچ سے میسر ہوں گے جو کہ دفتری اوقاتِ کار میں بورڈ اکاؤنٹ نمبر 01540035529603 میں بذریعہ چالان حبیب بنک کی مقررہ شاخ میں جمع کروا کر حاصل کئے جاسکتے ہیں۔
(فون نمبر: 0515450913,0515450915)

۷۔ ٹینڈر بورڈ کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk اور PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.punjab.gov.pk پر ملاحظہ / ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

۸۔ مجاز اتھارٹی PPRA RULES کے تحت منظوری سے قبل کسی بھی وقت تمام ٹینڈر مسترد کر سکتی ہے۔

۹۔ کامیاب ہونے والی فرم کی بنک گارنٹی / سی ڈی آر ٹینڈر کی پہلی قسط جمع کروانے کے بعد ان کی درخواست پر حسب قواعد واپس کی جائے گی جبکہ ناکام رہنے والی فرم کو سی ڈی آر حسب قواعد واپس کر دی جائے گی۔

سیکرٹری

Scanned with CamScanner